عمل: رشتے کی بندش ختم کرنے کیلئے طالب اپنے نام کے اعداد کے مطابق بوقت زوال سورت قریش پڑھے اگر کاروباری بندش ہو یا گاڑی کی بندش ہو تو بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے پہلے سورت قریش 313 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی دکان و گاڑی میں چھڑکاؤ کریں۔

بخار کا خاتمہ لاجواب مجرب عمل

جس شخص کو بخار ہو اور کسی بھی دوائی سے آرام نہ آرہا ہو تو آپ یہ عمل کریں اور بخار ختم ہوتا دیکھیں بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے۔

عمل: مریض کی کمر پر انگلی کے اشارے سے سات بار اذان لکھیں اور اسکے ساتھ دو عدد پندرہ کا نقش لکھ کر ایک نقش کے نیچے لکھیں وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ یہ نقش دائیں بازو پر باندھ دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ

فلاں بن فلاں بخار دفع شود

دوسرے نقش کے نیچے لکھیں وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى یہ نقش بائیں بازو پر باندھ دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى

فلاں بن فلاں بخار دفع شود

نوٹ یہ دونوں نقوش بارہ گھنٹے بعد تبدیل کرنے ہیں۔

فصل ہفتم

شفاء جسمانی امراض کے اعمال

از
مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

فاضل جامعہ اسلامیہ سہاب العلوم کہروڑ پکا

0348-6362824

درد داڑھ کیلئے میرے شیخ کا عطاء کردہ خاص عمل

داڑھ میں شدید قسم کا درد ہو اور کسی بھی دوائی سے آرام نہ آرہا ہو تو آپ یہ عمل کریں اور درد کو فوری ختم ہوتا دیکھیں یہ عمل تو بہت مشہور ہے مگر اس عمل کی میرے شیخ کی طرف سے خصوصی اجازت ہے اور بارہا آزمایا الحمدللہ مجرب پایا ہے۔

عمل: مندرجہ زیل آیت مبارکہ چھوٹے سے کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر اس پر اول آخر تین بار درود ابراہیمی درمیان میں اکیس بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر تعویز پر دم کر دیں اس طرح تین بار یہ عمل دہرانا ہے اسکے بعد یہ تعویز داڑھ میں سوراخ ہو تو اسمیں رکھ دیں ورنہ ویسے ہی داڑھ میں رکھ دیں تو درد فوری ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ آیت مبارکہ یہ ہے

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

خارش کے خاتمے کیلئے عمل

اگر خارش ہو اور آرام نہ آرہا ہو تو آپ یہ عمل کریں اس عمل کی برکت سے جس قسم کی بھی خارش ہو گی وہ ختم ہو جائے گی ان شاء اللہ

عمل: اول آخر گیارہ بار درود ابراہیمی درمیان میں اکیس بار سورۃ فاتحہ اکیس بار سورۃ اخلاص اکیس بار سورۃ قدر گیارہ بار سورۃ بروج پڑھ کر تیل پر دم کر دیں اور دم شدہ تیل متاثرہ جگہ پر لگائیں اور خارش کو ختم ہوتا دیکھیں۔ ان شاء اللہ

خارش کے لئے لاجواب عمل

خارش کے لئے بہت ہی زبردست لاجواب عمل ہے۔

عمل: اوّل آخر درود ابراہیمی 21 بار وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ 41 بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی مریض کو پلائیں اور تیل پر دم کر کے اس سے مالش کریں۔

پھوڑا پھنسی ختم کرنے کیلئے صدری عمل

آنکھ پر یا جسم کے کسی بھی حصے پر پھوڑا یا پھنسی نکل آئی ہو اور ختم ہونے کا نام نہ لے رہی ہو تو آپ یہ عمل کریں اور پھوڑے پھنسی کو ختم ہوتا دیکھیں۔

عمل: ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکیس بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر اپنا لعاب لگا کر اس پر دم کر کے متاثرہ جگہ پر لگا دیں تین چار دن میں ہی پھوڑا پھنسی ختم ہو جائیں گے۔

آیت مبارکہ یہ ہے اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ

چنبل کے لئے مجرب عمل

کسی کو بہت زیادہ چنبل ہو اور کسی چیز سے بھی فائدہ نہ ہو رہا ہو تو آپ یہ عمل کریں

عمل: زیتون کے تیل پر اوّل آخر 11 مرتبہ درود ابراہیمی 1000 مرتبہ سورت الکافرون پڑھ کر سات دن تک تیل پر دم کرنا ہے پھر اسکی روزانہ مالش کرنی ہے فوراً افاقہ ہوگا۔ ان شاء اللہ

دفع پیچش

اگر کسی کو پیچش ہوں اور کسی بھی دوا سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کریں

عمل: سُوْرَۃُ الدُّخَان (پارہ ۲۵) لکھ کر آب باراں یا آب زم زم یا عام پانی میں دھو کر مریض کو پلائیں ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

ہر قسم کے لاعلاج مرض کے لئے مجرب عمل

اگر کسی کو ایسا لاعلاج مرض لاحق ہو جس کے علاج سے ڈاکٹر عاجز آ چکے ہوں یہ عمل کریں اور کرشمہ خداوندی اپنی آنکھوں سے دیکھیں

عمل: 1۔ سُوْرَۃُ یٰسٓ اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پر سورۃ الفاتحہ 101 مرتبہ مع بسم اللہ شریف

2۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ 41 دفعہ

3۔ سورۃ الاخلاص 41 دفعہ

سورۃ ختم ہونے کے بعد آخر میں 2222 دفعہ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ پڑھ کر پانی نمک تیل پر دم کر کے استعمال

کریں یہ عمل تین دفعہ دہرائیں اور یہ اشیاء ختم نہ ہونے دیں اگر پوری زندگی یہ دم شدہ چیزیں استعمال کرتے رہیں تو فالج اور کینسر جیسے موذی امراض میں کبھی مبتلا نہ ہونگے انشاءاللہ کوشش کریں ہر ہفتہ بعد ایک دفعہ یہی عمل دہرا کر دم شدہ چیزوں پر دوبارہ دم کر دیں۔

ہر قسم کے دانوں کے لئے مجرب عمل

چہرے یا جسم کے کسی حصے میں دانے نکل آئے ہوں انکو ختم کرنے کے لئے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے۔

عمل: جتنے حصے میں دانے ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ گول دائرہ لگا کر حصار لگا دیں اس کے بعد ایک سانس میں یہ کلمات 7 دفعہ پڑھ کر دم کریں اور یہ عمل 7 دفعہ کریں۔

کَرکَرُوْنِی بَرْبَرُوْنِی خُشْکْ شَو

خُدَائے مَنْ بُزُرْگ اَسْت تُو بُزُرْگ مَشَو

شوگر کے لئے مجرب عمل

شوگر کے لئے مجرب عمل آپ احباب کی نظر کر رہا ہوں۔

عمل: ایک نقش کا تین دن تک پانی پینا ہے اور تیسرے دن کا غذ بھی کھا لینا ہے کل چالیس یوم تک استعمال کرنا ہے چالیس دن کے بعد قدرت کا کرشمہ دیکھیں جا کر شوگر ٹیسٹ کروائیں اور پوری زندگی شوق سے میٹھا کھائیں۔

نقش یہ ہے

الله		الله
	یا محیط	
	الله	

عمل برائے درد شقیقہ

درد شقیقہ کے لئے مجرب عمل ہے

عمل: درد والی جگہ پر اپنی انگلی رکھ کر اپنا سانس بند کر کے 11 بار لیعذبھم پڑھیں پھر دم کردیں اس طرح تین بار دم کریں ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

بچوں کی لکنت ختم کرنے کا عمل

لکنت ختم کرنے کا یہ مجرب عمل ہے۔ یہ عمل بچہ خود کر سکتا ہو تو زیادہ بہتر ہے ورنہ یہ عمل اسکی والدہ کرے بچے کی زبان کے نیچے چھوٹی کنکریاں رکھیں اور پھر والدہ مندجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے لکنت ختم ہو جائے گی ان شاء اللہ

عمل: چھوٹی چھوٹی کنکریاں زبان یا تالو کے نیچے رکھیں اور اکتالیس بار یہ آیت پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي

داد کے لئے مجرب عمل

جسم کے جس حصے پر داد ہو اس حصے کے چاروں طرف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے گھیر لیں اور درمیان میں لکھیں فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ

ناف ٹل جائے اسکا مجرب عمل

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو اس کے لئے یہ عمل کریں

عمل: عامل مرد کی ناف پر اپنا انگوٹھا رکھے اور عورت اپنا انگوٹھا خود رکھے اور یہ عمل تین دفعہ کرے زیادہ سے زیادہ گیارہ دفعہ کرے انتہائی مجرب عمل ہے گیارہ بار کرنے کی کبھی نوبت نہیں آتی ناف پر انگوٹھا رکھ کر ایک بار سورۃالفاتحۃ اور سورۃالناس پڑھے اور سورۃ الناس پڑھنے کا طریقہ یہ ہوگا۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ جب لفظ نَّاسِ آئے گا تو تین مرتبہ مزید پڑھنا ہے مثلا: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ نَّاسِ ۔

رسولی کا مجرب عمل

جسم پر کسی بھی جگہ رسولی ہو تو اس کے لئے یہ مجرب عمل ہے

عمل: ایک گول بینگن اور 41 کانٹے کیکر کے لیکر مریض کو سامنے بیٹھا دیں اور ہر کانٹے پر ایک دفعہ سورۃ الفاتحۃ اور یہ آیت مبارکہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا پڑھ کر مریض پر دم کریں اور کانٹے کو بینگن میں چبھو دیں۔

ہزار بیماریوں کے علاج کا لاجواب عمل

خاص طور پر دل کے امراض کے لئے مجرب عمل ہے ان شاء اللہ پوری زندگی میں کبھی ہارٹ اٹیک نہیں ہوگا

عمل: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا

صبح شام ہزار ہزار دفعہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں

کمر درد کے لئے مجرب عمل

کمر درد سے نجات کے لئے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے

عمل: کاغذ کی ایک طرف یہ نقش لکھیں اور اسکی دوسری طرف مریض کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھ لیں پھر یہ نقش سرخ ریشمی دھاگے سے کمر پر باندھنا ہے کمر درد سے نجات ملے گی ان شاءاللہ

نقش یہ ہے

ع------۷۰

----م-----۴۰

۲۰۰----------ر

عمل برائے سر درد

سر میں شدید درد ہو اور کسی بھی چیز سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو یہ طلسم لکھ کر سر پر باندھ دیں تو درد فوراً ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ

نقش یہ ہے

اا۹ا۹ےاا۹ا۹ااصلعا

۳اا۹ا۹ااطاا

صم

جسم کے کسی حصے سے زائد پانی نکالنے کا عمل

عورت کے رحم میں پانی کی تھیلی ہو یا بچے کے سر میں پانی اور جسم کے کسی بھی حصے میں پانی بھر جائے تو یہ عمل کریں

عمل نمبر 1 - اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ 100 بار روزانہ پڑھنا ہے

عمل نمبر 2 - وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

یہ بھی 100 بار پڑھنا ہے۔ اور ان دونوں آیات کا تعویذ بھی بنا کر گلے میں ڈالیں ہے اللہ پاک شفاء کامل عطا فرمائی گے ان شاء اللہ۔

بلڈ پریشر کے لئے مجرب عمل

اگر کسی ہائی بلڈ پریشر کا مسئلہ درپیش ہو یا کسی کو لو بلڈ پریشر کا مسئلہ درپیش ہو تو دونوں امراض کے لئے مجرب عمل ہے

عمل: ایک نقش بنا کر گلے میں ڈالے اور 101 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

لقوہ کیلئے مجرب عمل

اگر کسی کو لقوہ ہو جائے اس کے لئے مجرب عمل پیش خدمت ہے۔

عمل: اول آخر درود شریف ابراہیمی 41 بار درمیان میں سورۃ الفاتحہ 121 بار سورۃ الکافرون 121 بار پانی، شہد اور زیتون کے تیل پر دم کریں اور زیتون کے تیل کی مالش کریں اور شہد کو پانی میں حل کر کے پئیں اور ہر 7 دن کے بعد یہ عمل دوبارہ کریں۔ 21 یا 41 دن میں مکمل آرام ہوگا۔ ان شاء اللہ

کھانسی کے لئے مجرب عمل

ہر قسم کی کھانسی کے لئے مجرب عمل ہے

عمل: اوّل آخر درود ابراہیمی 21 بار اور سورۃ انشرح 41 بار پانی پر دم کر کے پلائیں اور سورۃ انشرح کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں مکمل شفاء ہوگی انشاء اللہ۔

ٹائیفائیڈ بخار کے لئے

اگر کسی کو ایسا بخار ہو کہ اترتا ہی نہ ہو تو یہ عمل کریں اس عمل سے سخت سے سخت بخار بھی 15 منٹ میں اتر جاتا ہے۔

عمل: سات نقش بنا کر ہر نقش پر سات بار یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (سورۃ آل عمران آیت ۱۸)

مریض روزانہ ایک نقش کی گولی بنا کر پانی کے ساتھ استعمال کرے سات دن تک استعمال کریں انشاء اللہ مکمل بخار اتر جائے گا۔

گھٹنوں کا درد ختم کرنے کا مجرب عمل

اگر گھٹنوں میں شدید درد ہو اور ہر حربہ استعمال کر چکے ہوں کسی سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کریں بارہا کا آزمایا ہوا لاجواب عمل ہے۔

عمل: اوّل آخر درود شریف ابراہیمی اور 21 مرتبہ یہ دعا بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَافِیْهَا پڑھ کر متاثرہ جگہ پہ دم کر دیں ان شاء اللہ درد ایسا ختم ہو گا گویا کہ درد ہوا ہی نہیں تھا یہ عمل تین دفعہ دہرانا ہے۔

دل کی گھبراہٹ ختم کرنے کا مجرب عمل

اگر کسی کے دل کو گھبراہٹ ہو یا کوئی انجانہ خوف ہو تو اس کے لئے مجرب عمل ہے۔

عمل: اول آخر درود ابراہیمی 7 بار اور یہ آیت مبارکہ 111 بار

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

دل کی دھڑکن تیز ہونے کی صورت میں تحول کا ورد کرے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ دل کی دھڑکن نارمل ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

دودھ بڑھانے کا عمل

جس عورت کا دودھ خشک ہو گیا ہو یا کم ہو گیا ہو تو یہ عمل کریں۔

عمل: یہ آیت کریمہ نمک لاہوری پر دم کر کے عورت کو دیں۔ عورت سالن میں استعمال کر کے کھائے ان شاء اللہ دودھ بڑھ جائے گا ساتھ میں غذا بھی کھائیں۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ

وہ عورت جن کے ایام بند ہوں یا خراب ہوں

اگر کسی عورت کے ایام بند ہوں یا خراب ہوں تو اس عمل کو کریں

عمل: ایک مرتبہ سورۃ الدھر اور تین مرتبہ سورۃ الزلزال پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ پیئے اور اس آیت مبارکہ کا کثرت سے ورد کرے۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

مستحاضہ عورت کے لئے مجرب عمل

مستحاضہ عورت جس کو بیماری کی وجہ سے خون نہ رک رہا ہو اور دوائیاں کھا کھا کر تنگ آ چکی ہو تو وہ یہ عمل کرے انتہائی مجرب اور بار ہا کا آزمایا ہوا عمل ہے۔

عمل: اس آیت شریفہ کے تین تعویذ بنائیں ایک تعویذ اگلے دامن پہ باندھیں دوسرا پچھلے دامن میں تیسرا پانی میں ڈال کر پئیں آیت مبارکہ یہ ہے

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

لیکوریا کا روحانی علاج

وہ عورتیں جنہیں لیکوریا کی شکایت ہو اور دواؤں سے افاقہ نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کریں۔

عمل: چار عدد تعویز بنائیں ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور باقی تین تعویذ پینے کے لئے استعمال کریں پینے والا ہر نقش 7 یوم استعمال کریں

هُوَ الْاَمْرُ هِيَ عَمَانُوِيْلُ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا مُصَوِّرَ الْاَرْحَام

سیلان الرحم کے لئے مجرب عمل

اگر کسی عورت کو سیلان الرحم (لیکوریا) کی بیماری ہو اور دوائیوں سے آرام نہ آرہا ہو تو وہ یہ عمل کریں بہت ہی لاجواب عمل ہے

عمل: اول اخر درود ابراہیمی 21 مرتبہ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھ کر عرق گلاب پر دم کر کے صبح شام پلائیں پرانے سے پرانا مرض بھی کچھ دنوں میں ختم ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

یرقان کے لئے خاص الخاص عمل

یرقان کے بارہا کا آزمایا ہوا خاص الخاص عمل ہے

عمل: اوّل آخر درود ابراہیمی مع بسم اللہ شریف 7 بار آیت الکرسی مع بسم اللہ شریف 7 بار وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ 11 بار یہ تمام کلمات پڑھ کر سیاہ ڈوری پر دم کر کے گرہ لگاتے جائیں اسی طرح یکے بعد دیگرے 11 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض اپنے گلے میں پہنے اور ساتھ میں نیچے دیا گیا نقش بھی گلے میں پہنے اور مریض صبح شام 11 مرتبہ سورت البینہ پانی پر دم کر کے پیئے۔

۷۸۶

۱۱۷	۱۲۰	۱۲۳	۱۱۰
۱۲۲	۱۱۱	۱۱۶	۱۲۱
۱۱۲	۱۲۵	۱۱۸	۱۱۵
۱۱۹	۱۱۴	۱۱۳	۱۲۴

کینسر کے لئے مجرب عمل

جس شخص کے کینسر ہو اور ادویات سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کریں بہت ہی لاجواب عمل ہے۔

عمل: اوّل آخر درود ابراہیمی 41 بار

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ شریف 111 بار

سورت اخلاص 200 بار

اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْر 222 بار

پڑھ کر آب زم زم پر دم کریں سات دن یہ پانی استعمال کریں اسکے بعد دوبارہ عمل کریں اور مریض سورت مریم تین دفعہ پڑھ کر دم شدہ پانی پر پھونک کر پیئے ان شاء اللہ 40 دن میں کینسر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

اٹھراوالا بچہ سوکھ جائے

اٹھراوالا بچہ اگر سوکھ جائے تو اس کے لئے بہت ہی زبردست لاجواب عمل ہے۔

عمل: ایک گول تازہ کدو لیکر نئی چھری جو استعمال شدہ نہ ہو لے کر کدو پر سورۃ الفاتحہ اور سورۃ القریش لکھ کر بچے کی چارپائی جہاں وہ سوتا ہو سرہانے باندھ دیں اور یہی دو سورتیں 21 بار پڑھ کر بچے پر دم کریں جیسے جیسے کدو سوکھتا جائے گا بچہ تندرست ہوتا جائے گا۔ ان شاء اللہ

قے کو روکنے کا صدری عمل

اگر کسی بھی وجہ سے قے آرہی ہو تو آپ یہ عمل کریں قے فوراً ختم ہو جائے گی ان شاء اللہ

عمل: سورۃ طارق بسم اللہ کے ساتھ اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں قے فوراً ختم ہو جائے گی ان شاء اللہ

گردے اور پتے کی پتھری کا مجرب عمل

اگر آپکے گردے یا پتے میں پتھری ہو اور کوئی بھی چیز فائدہ نہ دے رہی ہو تو آپ ہرگز پریشان نہ ہوں آپ یہ عمل کریں کچھ ہی دنوں میں آپ حیران کن فائدہ دیکھیں گے پتھری کا نام ونشان تک نہیں رہے گا ان شاء اللہ

عمل: اوّل آخر درود شریف 11 مرتبہ سورت الفاتحہ 11 مرتبہ اور یہ آیت مبارکہ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پییں اور اس پانی میں اسی آیت مبارکہ کا تعویذ بنا کر ڈال دیں تین دن تک استعمال کرنا ہے تین دن بعد نیا تعویذ بنانا ہے۔

گردوں کے لئے لاجواب عمل

گردوں کا کسی بھی قسم کا مسئلہ ہو اس کے لئے زبردست بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے۔

عمل: اوّل آخر درود ابراہیمی 21 بار

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ شریف 111 بار

سورۃ اخلاص 41 بار

سورۃ انشرح 41 بار

پڑھ کر آب زم زم پر دم کریں مریض یہی پانی استعمال کرے اس کے ساتھ بکرے کا گردہ لے کر اس پر اوپر بتایا گیا عمل ترتیب سے پڑھ کر مریض کا نام لے کر گردے پر دم کر کے کسی کانٹے دار درخت کے نیچے لٹکا دیں کچھ ہی دنوں میں گردوں کی تمام بیماریوں کا خاتمہ ہو جائے گا ان شاء اللہ

پیشاب کی بندش کھولنے کا عمل

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو اس کے لئے مجرب عمل ہے۔

عمل: یہ آیت شریفہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائیں فورا پیشاب کھل جائے گا ان شاء اللہ

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

نظر کے لئے خاص الخاص عمل

اگر کسی شخص کی نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو تو یہ مستقل یہ عمل کریں۔

عمل: ہر نماز کے بعد اول آخر 3 مرتبہ درود ابراہیمی اور 11 مرتبہ یہ آیت فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کرے اور انگلیاں دونوں آنکھوں پر پھیر دے تو نظر لوٹ آئے گی اور دوبارہ کمزور نہیں گی ان شاء اللہ

بواسیر کا مجرب عمل

کسی بھی قسم کی بواسیر ہو اس کے لئے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے لیکن پہلے اس کی 7 دنکی زکات ادا کرلی جائے

زکات: روازنہ 41 تعویذ لکھ کر آٹے کی گولی بنا کر دریا میں پھینک دیں 7 دن کے بعد اس کی زکات ادا ہو جائے گی۔

عمل: مندرجہ ذیل نقش کے نیچے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سورت القریش، درود پاک اور اَمْ اَبْرَمُوْا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ لکھنا ہے نقش بند کرتے وقت یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتے رہیں اور تعویذ بند کر کے اوپر تحول لکھیں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اس نقش کو مریض کے گلے میں ڈال دیں

۷۸۶

۲۱۲۶	۲۱۲۱	۲۱۲۸
۲۱۲۷	۲۱۲۵	۲۱۲۳
۲۱۲۲	۲۱۲۹	۲۱۲۴

اولاد کے لئے مجرب عمل

جسکی اولاد نہ ہوتی ہو اور میاں بیوی میں کوئی جسمانی مسئلہ بھی نہ ہو تو میاں بیوی یہ عمل کریں عمل کے بعد اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاء اللہ نیک فرزند پیدا ہوگا

عمل: میاں بیوی اس آیت مبارکہ کا کثرت سے ورد کریں ہر نماز کے بعد 41 دفعہ اور صبح شام 313 بار

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ

نکسیر کا مجرب عمل

اگر کسی کو بار بار نکسیر پھوٹ جاتی ہو تو یہ عمل کریں۔

عمل: کسی پاک کپڑے پر یہ آیت مبارکہ لکھ کر ماتھے پر باندھ دیں فوراً نکسیر رک جائے گی۔ ان شاءاللہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَقِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

کمی حیض کے لئے مجرب عمل

جس عورت کو حیض کم آتا ہو اور درد کی شدت محسوس کرتی ہو تو اس کے لئے زبردست عمل ہے۔

عمل: اول اخر 21 بار درود ابراہیمی

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

700 مرتبہ آب زم زم پر دم کر کے پلایا جائے اور انہی آیات کو لکھ کر مریضہ کے گلے میں پہنایا جائے۔

سوجن کے لئے مجرب عمل

جسم میں کسی بھی حصہ میں سوجن ہو اور کسی بھی چیز سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو یہ عمل کریں۔

عمل: اول آخر درود ابراہیمی 21 بار سورۃ الفاتحہ 41 بار سورۃ اخلاص 41 بار وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ 41 بار پڑھ کر آب زم زم پر دم کریں اور دم شدہ پانی میں یہ نقش بھی ڈال دیں۔

نقش یہ ہے

عمل برائے درد پستان

اگر کسی عورت کے پستانوں میں درد ہو تو اس کے لئے لاجواب عمل ہے

عمل: اول آخر 11 بار درود ابراہیمی 41 بار سورۃ الفاتحہ 41 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر آب زم زم پر دم کریں دم شدہ آب زم زم میں یہ نقش بھی ڈال دیں پانی پینا بھی ہے اور پستانوں پر چھڑکنا بھی ہے سورت فاتحہ سورت اخلاص اور اس نقش کا ایک تعویذ عورت گلے میں پہنے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

فصل ہشتم

متفرق اعمال

محمد مولانا اسحاق نقشبندی غفرلہ

فاضل جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑپکا

0348-6362824

غیب سے جہیز کا انتظام ہونے کا مجرب عمل

جو شخص بچیوں کے جہیز کی وجہ سے پریشان ہو اور جہیز کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے شادیوں میں رکاوٹ آرہی ہو تو آپ یہ عمل کریں اللہ پاک آسانی والا معاملہ فرماتے ہوئے اپنے خزانہ غیب سے آپکی بچیوں کے جہیز کا انتظام فرمادیں گے ان شاء اللہ شرط یہ ہے اس عمل کی مکمل یقین کے ساتھ مداوامت کی جائے ناغہ نہ کیا جائے۔

عمل: فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پہلے

1 تسبیح سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ الله

70 بار سورۃ قریش 41 بار آیت الکرسی

بقیہ ہر نماز کے بعد

21 بار رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

11 بار سورت قریش 11 بار سورۃ النصر

مغرب کی نماز کے بعد

70 بار سورت قریش 41 بار آیت الکرسی

جو شخص ان اعمال کی پابندی سے مداوامت کرے گا اللہ پاک اسکے رزق کے دروازے کھول دیں گے اگر قرضوں میں گھرا ہوا ہوگا تو اسکے قرضے اتر جائیں گے بندشوں کے شکنجے میں پھنسا ہوگا تو اسکی بندشیں ختم ہو جائیں گی اگر شیطانی اثرات ہیں تو وہ ختم ہو جائیں گے ان شاء اللہ

فراخی رزق کا خاص صدری عمل

اگر کوئی شخص تنگدست ہو یا مقروض ہو یا لوگوں کی نظروں سے گر چکا ہو تو مندرجہ ذیل عمل کرے تو تنگدستی کو فراخ دستی میں بدلتا دیکھیں مقروض ہے تو چند ہی دنوں میں قرضے کی ادائیگی کا سبب بنتے دیکھیں اگر لوگوں کی نظروں سے گر چکا ہو تو عزت بحال ہوتا دیکھیں اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے یقینا کم ہوگی یہ عمل ایسے ایسے لوگوں کو دیا جو بہت زیادہ تنگدستی کے ساتھ ساتھ قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے تھے اس عمل کی برکت سے انکا نہ صرف

قرضہ اترا بلکہ آج وہ غرباء کی مدد کرنے والے بنے ہوئے ہیں کوشش کریں فجر اور مغرب کی نماز کے فوراً بعد ورنہ فجر کی نماز کے فوراً بعد یہ عمل ضرور کریں چند ہی روز میں تنگدستی فراخ دستی میں بدل جائے گی اور جو شخص ایک سال تک پابندی سے یہ عمل کرے شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ کرے تو وہ ایک سال میں امیر کبیر ہو جائے گا ان شاء اللہ۔

عمل: سورۃ واقعہ ایک بار

اور 1000 بار معنی پر غور کرتے ہوئے يَاعَزِيزُ يَاكَرِيمُ يَاوَدُودُ پڑھیں اور بندہ ناچیز کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

چوری سے حفاظت کا عمل

کسی بھی چیز کا چوری ہونے کا اندیشہ ہو تو آپ یہ عمل کر کے اپنی قیمتی چیز کو چوری ہونے سے محفوظ رکھیں اس عمل کی برکت سے آپکی چیز چوری نہیں ہوگی خواہ انسان چور ہو یا جنات ہو جس مال پر بھی آپ نے یہ دم کر دیا تو وہ مال ہرگز ہرگز چوری نہیں ہوسکتا الا ماشاء اللہ

عمل :اول آخر تین بار درود ابراہیمی درمیان میں تین بار آیت الکرسی اس طریقے سے پڑھیں کہ وَلَا یَــــُٔوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کا 11 بار تکرار کریں اور 11 بار فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ پڑھ کر دم کریں

حج عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کالاجواب

مجرب عمل

بہت ہی نیک اللہ کے ولی سے ملا خاص تحفہ آج سینے سے نکال کر آپ احباب کی نظر کر رہا ہوں ہر ماہ چاند رات بعد نماز مغرب یہ عمل کرنا ہے مطلب چاند کی یکم تاریخ بعد نماز مغرب یہ عمل کرنا ہے۔

عمل: بعد نماز مغرب اوّل آخر درود ابراہیمی درمیان میں

1 تسبیح ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

اور دن میں کسی بھی وقت اس درود پاک کا اہتمام کریں

500 بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

جو شخص اس عمل کی مداوامت کرے ممکن ہی نہیں کہ وہ سال میں عمرہ پے نہ جا سکے بشرطیکہ پاسپورٹ بنا ہوا ہو اس کے علاوہ ایک روپے کا سبب بھی نہ ہو اس عمل کی مداوامت کی برکت سے سال بھر میں ایک بار حج وعمرہ کے ذریعے حرمین شریفین کی زیارت ضرور نصیب ہوگی یہ بھی تجربہ میں آیا ہے اگر درود پاک کی تعداد بڑھا دیں تو سال میں دو بار بھی سعادت ممکن ہے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے

ہمہ قسم کا مسئلہ سات دن میں حل ہوتا دیکھیں

اگر کسی قسم کا کوئی کام اٹکا ہوا ہو ہر طرف رکاوٹیں ہی رکاوٹیں ہوں بظاہر اس مسئلے کا حل ہوتا نظر نہ آرہا ہو تو آپ یہ عمل کریں سات دن میں ہی آپکا مسئلہ حل ہو جائے گا ان شاء اللہ

عمل: ایک ہی مجلس میں بارہ ہزار بار بسم اللہ شریف اس طریقے سے پڑھیں کہ ایک ہزار بسم اللہ شریف پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل صلاۃ حاجت پڑھیں اور اپنے مقصد کی دعا کریں اس ترتیب سے بارہ رکعت نفل ہو جائیں گی اور بسم اللہ شریف کی تعداد بھی بارہ ہزار ہو جائے گی۔ مذکورہ بالا ترتیب سے عمل کریں اور سات دن میں ہی اپنا مسئلہ حل ہوتا دیکھیں بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل ہے

نوٹ: ہر بار دعا کے الفاظ ایک ہی ہوں ہر بار الفاظ کا ردوبدل نہیں کرنا

شہوت کو ختم کرنے کا صدری عمل

یہ میرے شیخ کا عطاء کردہ خاص عمل ہے بارہا بار مختلف دوستوں پر اسکا تجربہ کر چکے ہیں الحمدللہ ہر جگہ مجرب پایا ہے آپکو ایک واقعہ بتاتا ہوں میرے پاس یونیورسٹی کا ایک طالبعلم لڑکا آیا کہنے لگا مولانا ہماری یونیورسٹی کا ماحول کچھ اس طرح ہے کہ میں بتانے سے قاصر ہوں خلاصہ کلام یہ ہے کہ مجھے شہوت بہت زیادہ آتی ہے. آپ کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے میری شہوت ختم ہو جائے یا کم ہو جائے میں نے اسکو یہی عمل پڑھنے کیلئے دیا اور چلتے پھرتے استغفار کی کثرت کرنے کا کہا کچھ عرصہ بعد وہی لڑکا میرے پاس آیا میں نے پوچھا سناؤ بھائی آپکا کیا حال ہے؟؟ کہنے لگا حضرت جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے تب سے نہ صرف شہوت ختم ہوئی ہے بلکہ پانچ وقت کا نمازی بھی بن گیا ہوں الحمدللہ اب تو گناہ کی طرف ذہن ہی نہیں جاتا ۔

اولاد کیلیے مجرب عمل

جس عورت کو کسی قسم کی جسمانی بیماری نہ ہو میڈیکل رپوٹ بھی بالکل صحیح ہو اور روحانی اعتبار سے بھی کسی قسم کا مسئلہ نہ ہو مثلا جناتی مسائل یا جادو کے زریعے بندش وغیرہ کے مسائل الغرض روحان وجسمانی اعتبار سے بالکل صحیح ہو تو اس کیلئے مجرب المجرب عمل عمل ایک کالا دھاگا لے لیں جو عورت کے قد کے برابر ہو پھر اس دھاگے کو ڈبل کر لیں اسکے بعد برابر مسافت کے گیارہ گرہ لگانی ہیں ہر گرہ پر اکیس بار سورت اخلاص گیارہ بار سورت فاتحہ سات بار سورت مزمل پڑھ کر گرہ لگا دیں اسی طرح گیارہ گرہوں پر یہ عمل کرنا ہے اسکے بعد یہ دھاگہ ناف پر باندھ لیں اللہ تعالی اولاد کی نعمت دے نوازے گیں ان شاء اللہ ساتھ ہی اس آیت کریمہ کی کثرت سے تلاوت کریں

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ

خاصیت : جس کو اولاد سے مایوسی ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے، خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

طلاق رکوانے کا صدری عمل

میاں بیوی کے درمیان اگر اتنی کشیدگی ہو گئی ہو کہ طلاق تک نوبت پہنچ چکی ہو تو طلاق رکوانے کیلئے بار ہا کا آزمایا ہوا مندرجہ زیل دیا گیا مجرب ترین عمل ہے اس عمل کی برکت سے نہ صرف طلاق رُکے گی بلکہ شوہر کے دل میں بے پناہ محبت بھی بڑھے گی ان شاء اللہ

عمل : عورت باوضو حالت میں سوا لاکھ بار پڑھے

یااللہُ رَحِیمُ وَدُودُ اس عمل کی برکت سے یہ ممکن ہی نہیں کہ شوہر بیوی کو طلاق دے دے یہ عمل شروع کرنے سے پہلے حسب توفیق صدقہ ضرور کرنا ہے

کسی سے بات منوانے کا عمل

اگر کسی سے کوئی بات منوانی ہو خواہ خاندان میں سے یا دفتر میں کسی آفیسر سے بات منوانی ہو تو آپ مندرجہ زیل دیا گیا عمل کریں اور حیران کُن نتائج دیکھیں حمعسق کھیعص اس طریقے سے پڑھیں کہ حا پر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کر دیں میم پر بڑی اسی طرح ایک ایک حرف پر انگلی بند کرتے جائیں جب دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند ہو جائیں تو اسی ترتیب سے کھولنی ہیں کھولنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھول دینی ہے اسی طرح پڑھتے جانا ہے اور بالترتیب انگلیاں کھولتے جانا ہے جب دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھل جائیں تو جس طرح دعا مانگتے ہیں اسی شکل میں دونوں ہاتھ اٹھا کر مطلوبہ شخص کی طرف منہ کر کے ہاتھ پر پھونک مارتے ہوئے یہ دعا کرنی ہے یا اللہ میرا فلاں مسئلہ ہے یا یہ بندہ میری فلاں بات مان جائے الغرض جو بھی آپ بات منوانا چاہو وہ دعا کر کے مطلوبہ بندے کی طرف منہ کر کے پھونک مار دینی ہے اس عمل کی برکت سے یہ ممکن ہی نہیں کہ مطلوبہ شخص آپکی بات نہ مانے۔

حافظہ کیلئے شیخ کا عطاء کردہ خاص صدری عمل

اس عمل کی جتنی تعریف کی جائے یقینا کم ہوگی ایسا کُند ذہن بچہ جسکو سبق یاد ہی نہ ہوتا ہو تو آپ یہ عمل کریں اور حیران کُن نتائج دیکھیں

عمل : چینی کی پلیٹ پر زعفران سے درود پاک و سورت فاتحہ وسورت الم نشرح لکھ کر چالیس دن تک بچے کو پلائیں اس عمل کی برکت سے نہ صرف بچے کو سبق یاد ہوگا بلکہ بچہ ایسا ذہین ترین ہوگا کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے۔

نوٹ : چالیس دن میں ناغہ نہیں کرنا.

بچہ اگر دودھ نہ پیئے تو اس کیلئے مجرب عمل

بچہ اگر ماں کا دودھ نہ پی رہا ہو تو اس کیلئے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب ترین عمل

عمل: اگر بچے کو ماں کا دودھ پلانا مقصود ہو تو اول آخر تین بار درود ابراہیمی واکتالیس بار بسم اللہ شریف درمیان میں گیارہ بار معوذتین اور ایک بار سورۃ انشقاق پڑھ کر بچے اور بچے کی والدہ پر دم کر دیں اور اگر کسی عذر کی وجہ سے والدہ کا دودھ نہ پلانا ہو تو جس فیڈر میں بچے کو دودھ پلانا ہے اس فیڈر پر دم کر دیں ان شاء اللہ بچہ دودھ پینا شروع کر دے گا

عزت کی بحالی کا مجرب عمل

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں سے گر گیا ہو کسی بھی جگہ اسکی عزت نہ ہوتی ہو تو وہ شخص یہ عمل کرے۔

عمل: ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ 21 بار پڑھ کر اپنے چہرے اور جسم پر دم کرے آیت مبارکہ یہ ہے۔

فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ

قرضہ کی واپسی کا مجرب عمل

جو شخص قرضہ نہ دے رہا ہو اور وعدے پر وعدہ کر رہا ہو یا دینے سے انکار کر رہا ہو اس کیلئے بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے۔

عمل: ایک انگیٹھی لے کر اس میں آگ کے انگارے سلگا لیں اور سات کالی مرچیں لے لیں سورۃ یٰسین پڑھیں جب لفظ مبین پر پہنچیں تو تین بار سورۃ مزمل اور 111 بار یہ آیت پڑھیں۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سورت انعام آیت نمبر 45 پڑھ کر ایک کالی مرچ پر دم کر کے انگاروں میں پھینک دیں دم کرتے وقت یہ الفاظ کہنے ہیں فلاں بن فلاں میرا قرضہ واپس کردے اس طرح ساتوں مبین پر یہ عمل کرنا ہے تین سے گیارہ دن نہیں گزریں گے وہ بندہ خود آکر قرضہ واپس کرے گا یا واپسی کا کوئی سبب بن جائے گا۔ ان شاء اللہ

ترک عادت شراب

اگر کسی کو شراب پینے کی عادت ہو تو یہ عمل کریں۔

عمل: رات کو سفید کپڑے پر سورۃ المومنون لکھ کر شرابی کو پلائیں ان شاء

اللہ 11 دن میں عادت چھوٹ جائے گی۔

غصہ ختم کرنے کا مجرب عمل

اگر کسی بہت زیادہ غصہ آتا ہو تو مریض کے لئے یہ عمل کریں بہت مجرب عمل

ہے۔

عمل: چینی کی پلیٹ پر تین دفعہ یہ آیت مبارکہ لکھیں۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

اور 313 دفعہ پڑھ کر پلیٹ پر دم کر کے صبح نہار منہ 41 دن تک مریض کو

پلائیں اور مریض ہر نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر 21 بار اس آیت کا ورد

کرے بہت ہی مجرب عمل ہے۔

نظر بد کے لئے مجرب عمل

اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو اس کے لئے بار ہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے

عمل: سورت القلم کی آخری دو آیات 3 دفعہ 21، 21 بار پڑھ کر تین دم کریں۔

وَاِنْ يَكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

خاوند کے ظلم سے نجات کے لئے مجرب عمل

اگر خاوند بیوی پر ظلم کرتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو، بے ہودگی سے پیش آتا ہو، اولاد یا بیوی کے رشتہ داروں سے نفرت کرتا ہو تو بیوی یہ عمل کرے۔

عمل: فجر اور مغرب کی نماز کے بعد 41 بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں اکیس یا چالیس یوم یہ عمل کریں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرَقِ وَالْفُرْقَانِ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِهٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ

نافرمان اولاد کے لئے مجرب عمل

جس کی اولاد نافرمانی میں حد سے بڑھ گئی ہو اور سدھرنے کا کوئی بظاہر کوئی امکان نہ ہو تو والدین یہ عمل کریں اور چند ہی دنوں میں بگڑی ہوئی اولاد کو اپنا فرماں بردار ہوتا ہوا دیکھیں۔

عمل : ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف ابراہیمی 7 بار اور 41 بار یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔

وَاَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡكَ وَاِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ

بچے کو دودھ چھڑوانے کے لئے مجرب عمل

یہ کلمات لکھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں کچھ ہی دنوں میں بچہ دودھ چھوڑ دے گا۔ ان شاء اللہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الۡمَتِیۡنُ الَّذِیۡ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَاءُ بِقُوَّةِ الۡمَتِیۡنُ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ

بچے کا خواب میں ڈرنا

یہ آیت مبارکہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں کبھی بھی بچہ خواب میں نہیں ڈرے گا۔ ان شاء اللہ

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

منہ کی بدبو سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا

جس شخص کے منہ سے بدبو آتی ہو جسکی وجہ سے کسی سے بات تک نہ کر سکتا ہو حکماء اور ڈاکٹروں کی ادویات کھا کھا کر تنگ آچکا ہو کسی بھی دوائی سے فائدہ نہ ہو رہا ہو تو آپ ہرگز مایوس نہ ہوں یہ عمل کریں کچھ ہی دنوں میں بدبو کا خاتمہ ہوگا گویا کہ آپ کے منہ سے بدبو آتی نہیں تھی۔

عمل :ایک سانس میں گیارہ دفعہ یہ درود پاک پڑھنا ہے اور اس درود پاک کی کثرت کرنی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِىِّ الطَّاهِرِ

حفاظت حمل کے لئے مجرب عمل

حفاظت حمل کے لئے یہ عمل میرا مجرب ہے اور بارہا کا آزمایا ہوا ہے

عمل: درج ذیل طریقے سے دو نقش تیار کریں ایک مریض کو پینے کے لئے دیں اور گلے میں پہننے کے لئے دیں ان شاء اللہ ہر طرح سے حفاظت رہے گی

نقش یہ ہے

یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَاتَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَاتَزْدَادُ

وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ

الْمُتَعَالِ

مکان یا دکان خالی کرانے کا مجرب عمل

جو شخص کرایہ داروں کے ہاتھوں تنگ ہو اور کرایہ دار مالک مکان یا مالک دکان کو بہت تنگ کر رہے ہوں کرایہ بھی نہ دے رہے ہوں اور مکان یا دکان خالی بھی نہ کر رہے ہوں تو یہ عمل کریں کچھ ہی دنوں میں کرایہ دار خود ہی چھوڑ کر چلے جائیں گے

عمل: مغرب کی نماز کے بعد برہنہ سر کھڑے ہو کر اول اخر 41 مرتبہ درود شریف ابراہیمی 41 دفعہ سورۃ الاخلاص 41 دفعہ سورۃ الفاتحہ 313 مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا کریں بہت ہی مجرب عمل ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ادئیگی قرض کے لئے مجرب عمل

جو شخص بہت زیادہ مقروض ہو اور بظاہر ادائیگی کا کوئی سبب نہ بن پا رہا ہو تو یہ عمل کریں کچھ ہی دنوں میں قرض اتر جائے گا۔ ان شاء اللہ

عمل: اول اخر 111 مرتبہ درود ابراہیمی اور 500 مرتبہ یہ آیت مبارکہ

اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

ڈراونے خوابوں سے حفاظت

اگر کسی شخص کو بہت زیادہ ڈراونے خواب آتے ہوں تو سوتے وقت 11 مرتبہ آیت الکرسی اور 3، 3 مرتبہ معوذتین پڑھ کر اپنے سینے پر دم کردیا کرے اور اس آیت مبارکہ کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دے کبھی ڈراونے خواب نہیں آئیں گے۔ ان شاءاللہ آیت مبارکہ یہ ہے

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

موذی جانور اور نظر بد سے حفاظت

موذی جانور اور نظر بد سے حفاظت کے لئے باکمال عمل صبح شام اول آخر 3 مرتبہ درود ابراہیمی اس کے بعد 21 مرتبہ یہ دعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

پڑھ اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیر دیں جو شخص اس کی مداومت کرے گا زندگی بھر اسکو نظر نہیں لگے گی اور موذی جانوروں سے حفاظت رہے گی۔ ان شاءاللہ

چہرے کی چھائیاں ختم کرنے کا مجرب عمل

جس مرد یا عورت کے چہرے پر بہت زیادہ چھائیاں ہوں اور کوئی بھی چیز

اس پر اثر نہ کر رہی ہو تو آپ یہ عمل کریں۔

عمل: لیموں کا عرق نکال کر اس پر اول اخر درود شریف 11 بار اور یہ

آیت مبارکہ 41 بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَصَوَّرَكُمۡ فَاَحۡسَنَ

صُوَرَكُمۡ وَاِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ سورۃ التغابن آیت نمبر 3 دم کریں اور رات کو

سوتے وقت یہ عرق چہرے پر مل لیں صبح اٹھ کر نیم گرم پانی سے پاک جگہ پر

وضو کریں 21 دن کے اندر اندر چھائیوں کا نام ونشان نہیں رہے گا انشاءاللہ

اس کے بعد اپنے مقصد کی دعا کریں اور ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ یہ آیت

مبارکہ پڑھیں۔

وَاَنَّ الۡفَضۡلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ

مقدمہ میں کامیابی کے لئے مجرب عمل

اگر آپ پر کسی نے ناجائز مقدمہ کر رکھا ہو اور آپ حق پر ہوں تو یہ عمل کریں ہر حال میں آپ ہی کی کامیابی ہوگی ان شاء اللہ

عمل: عمل یہ ہے ہر نماز کے بعد اس آیت مبارکہ کا ورد کریں۔ اوّل آخر 3 مرتبہ درود ابراہیمی 133 مرتبہ یہ آیت مبارکہ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

خشک شدہ حمل کے لئے مجرب عمل

جس عورت کا حمل خشک ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر صبح نہار منہ پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں پہنا دیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

سانپ اگر ڈس لے تو اس کے لئے مجرب عمل

اگر کسی کو سانپ ڈس لے تو اس کے لئے یہ عمل کریں یہ نہایت ہی مجرب عمل ہے

عمل :7بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

7بار درود شریف 7بار سورت الفاتحہ 7بار آیت الکرسی 7بار سورت الکافرون بمع بسم اللہ 7بار سورت اخلاص بمع بسم اللہ 7بار الٰہی بحرمت پیر عبد القادر جیلانی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ وحاجی دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ 7بار سورت الفلق بمع بسم اللہ شریف 7بار سورت الناس بمع بسم اللہ شریف 7بار درود شریف پڑھ کر نمک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر دم کریں مریض چاٹتا رہے زہر ختم ہو جائے گا مریض نہیں مرے گا۔ ان شاء اللہ

پاگل کتے اگر کاٹ لے اس کے لئے مجرب عمل

اگر کسی کو پاگل کتا کاٹ لے تو اس کے لئے یہ عمل کریں یہ نہایت ہی مجرب عمل ہے

عمل : 7 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 7 بار درود شریف 7 بار سورت الفاتحہ 7 بار سورت الکافرون بمع بسم اللہ 7 بار سورت اخلاص بمع بسم اللہ 7 بار الٰہی بحرمت پیر عبد القادر جیلانی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ و حاجی دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ 7 بار سورت الفلق بمع بسم اللہ شریف 7 بار سورت الناس بمع بسم اللہ شریف 7 بار درود شریف پڑھ کر نمک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر دم کریں مریض چاٹتا رہے زہر ختم ہو جائے گا بندہ پاگل نہیں ہوگا اگر پاگل ہو بھی گیا تو درست ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

امتحان کے درمیان کوئی چیز بھول جائے

دوران امتحان اگر یاد کی ہوئی چیز بھول جائے یا اچانک ذہن سے اتر جائے یا یاد نہ آ رہی ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں نہایت ہی مجرب عمل ہے

عمل : اوّل آخر درود شریف 3 مرتبہ یا سات مرتبہ یہ کلمات

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مَالَمْ اَکُنْ اَعْلَمُ یَا عَلِیْمُ

پڑھ کر آنکھ بند کر کے یَا فَتَّاحُ کا ورد کریں۔ بھولی ہوئی چیز فوراً یاد آ جائے گی بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے

امتحان اور انٹرویو میں کامیابی کے لئے

امتحان یا انٹرویو میں کامیابی کے مجرب المجرب عمل ہے

عمل : ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دعا نتیجہ آنے تک کریں انٹرویو سے قبل 41 مرتبہ پڑھ کر سینے پر پھونک مارے ان شاء اللہ جوابات دینے میں آسانی ہو گی۔

رَبِّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجَلَّهَا وَاقْضِ لِیْ بِجَاهِهٖ حَوَائِجِیْ کُلَّهَا وَصَلِّ عَلَیْهِ کَمَا اَنْتَ اَهْلُهَا وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَکَرِّمْ دَائِمًا

ویزے کے لئے مجرب عمل

جس کا ویزہ نہ لگ رہا ہو یا کوئی رکاوٹ آرہی ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی

عمل : ایک کاغذ پر یہ آیت لکھیں (سورۃ الحاقۃ آیت نمبر ۱۹ — ۲۳)

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ کِتٰبَہٗ بِیَمِیْنِہٖ فَیَقُوْلُ ھَآؤُمُ اقْرَءُوْا کِتٰبِیَہْ

اس کے بعد آتشی چال سے پندرہ کا نقش لکھ کر اسکے نیچے یہ آیت مبارکہ سات بار لکھیں۔ فَھُوَ فِیْ عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ فِیْ جَنَّۃٍ عَالِیَۃٍ قُطُوْفُھَا دَانِیَۃٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

گلے میں یا بازو میں باندھیں۔

نرینہ اولاد کے لئے

جب حمل ٹھہرے دو ماہ بیس دن گزر جائیں تو سورت یوسف کا تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں پہنا دیں یہ ناف پر پڑا رہے اسکے ساتھ عورت مع والدہ کے نام کے اعداد نکال کر اس کے مطابق یہ آیت مبارکہ

وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

فجر کی نماز کے بعد گندم کے دانہ کے برابر گڑ کی ڈلی پر دم کریں اور اس ڈلی کو بغیر پانی پیئے ثابت نگلنا ہے ڈلی کے ٹکڑے نہ ہوں ورنہ جتنے ٹکڑے ہوں گے اتنے ہی بچے ہوں گے یہ میرا بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے۔

پیغام نکاح

اگر کسی جگہ آپ رشتہ کرنا چاہتے ہوں اور وہ دیتے نہ ہوں یا کوئی رکاوٹ ہو یا رشتہ مانگنے جا رہے ہوں تو یہ تین تعویذ بنا لیں ایک تعویذ جو پیغام لے کر جائے وہ اپنے بازو پر باندھے اور ایک تعویذ گھر کے بکسے میں رکھ دیں اور تیسرا طالب اپنے بازو پر باندھے نقش یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّمَآ اَشۡکُوۡا بَثِّیۡ وَحُزۡنِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ وَاَعۡلَمُ مِنَ اللّٰہِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ

ع ۴۰۶ ۴۰۸ ۴۰۷

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ الۡاَمۡرُ وَجَآءَ النَّصۡرُ فَعَلَیۡنَا لَا یُنۡصَرُوۡنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ یَاوَدُوۡدُ یَاوَدُوۡدُ 41 دفعہ لکھیں وَاِلَّا تَصَرَّفَ عَلٰی کَیۡفَ الٰہی بحرمۃ ہذا الایۃ والاسماء المبارکۃ نرم کردن دل و دماغ الٰہی

فلاں بن فلاں

مرگی کیلئے مجرب عمل

مرگی کا یہ ایسا بار ہا کا مجرب ترین عمل ہے اس عمل کے بعد کسی اور عمل کی ضرورت نہیں پڑے گی ان شاء اللہ

عمل :اعلی کوالٹی کے سفید کاغذ کے ایک ہی صفحے پر سورۃ الواقعہ لکھ کر مریض کے گلے پہنادیں اور بعد نماز مغرب سورۃ الواقعہ ایک یا تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر دیں مریض دوسرے دن کی مغرب تک یھی دم شدہ پانی استعمال کرے اسکے علاوہ کوئی اور پانی استعمال نہیں کرنا پھر دوسرے دن بعد نماز مغرب دوبارہ سورۃ الواقعہ پانی دم کر دیں اسکے ساتھ روغن لونگ لے کر اس پر اول آخر گیارہ بار درود ابراھیمی درمیان میں سورت یٰسین اس طریقے سے پڑھنی ہے کہ جب سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ تک پہنچیں تو اسکا 70 بار تکرار کریں مریض روزانہ صبح دوپہر شام یہ دم شدہ روغن لونگ کا سر پر مساج کرے اس عمل کی برکت سے چند ہی دنوں میں مریض شفاء یاب ھوجائے گا ان شاء اللہ